VOL 8 - ISSUE 86 SEPTEMBER 2016

READING SECTION
Online Library For Pakistan
WWW.PAKSOCIETY.COM

MASALA

HUM
مصالحہ

Regd No. SC-1333
Rs.200

TV FOOD MAGAZINE

RECIPES IN ENGLISH & URDU




READING SECTION
Online Library For Pakistan
READING SECTION
Online Library For Pakistan
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

عیدالاضحیٰ کے چٹ پٹے چٹخارے دار کھانے

ذوالحجہ اور قربانی کے حوالے سے خصوصی مضامین

مصالحہ کے شیفس کے کھانوں کی مزیدار تراکیب



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY



www.paksociety.com
پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

Tabba Kidney Institute

Tabba Kidney Institute is a non-profit hospital for all kidney related ailments, which serves as a center for excellence in teaching, research and continuing education for nephrology, urology and related fields.

Moreover, **Tabba Kidney Institute** is committed to provide complete, International-standard care for prophylaxis and therapeutic management of nephro-urological diseases.





ST - 26, Block 7, Federal B Area, Karachi - Pakistan
Tel: 3633 3036 - 42, Email: info@tabbakidney.org
Web: www.tabbakidney.org

Follow us on:

Tabba Kidney Institute

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com


MASALA
TV FOOD MAGAZINE
HUM مصالحہ
Volume 8 - Issue 86 September 2016

Content

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

قارئین محترم

السلام وعلیکم!

ذوالحجہ کے مہینے میں مسلمان اپنا دوسرا اہم اسلامی تہوار ''عیدالضحیٰ'' مناتے ہیں اور اس موقع پر حسب استطاعت دل کھول کر قربانی کا اہتمام کرتے ہیں۔ دین اسلام کا اصل مقصد انسان کا ''تزکیہ'' یعنی انسان کو پاکیزہ بنانا ہے لیکن دیکھا گیا ہے کہ قربانی کے اس عمل میں لوگ نہ صرف جانور کے ساتھ صفائی اور پاکیزگی کو بھی ''ذبح'' کردیتے ہیں۔ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوتے ہیں جس کی توقع کسی اچھے مسلمان سے تو کیا کسی اچھے انسان سے بھی نہیں کی جاسکتی۔ گوکہ شہری حکومتوں کی جانب سے حتی المقدور صفائی کی کوشش کی جاتی ہے لیکن اتنا کافی نہیں ہے۔ قربانی کے دنوں میں ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ گھر کی طرح اپنے علاقے کو صاف رکھنا ہماری دینی ذمہ داری ہے، جس کی خلاف ورزی کم از کم دینی تہوار کے موقع پر اور بالخصوص ایک عبادت کو انجام دیتے ہوئے بالکل نہیں ہونی چاہئے۔

یاد رکھیں کہ قربانی کا مقصد ہے اللہ کی رضا کا حصول اور اللہ اپنے ان بندوں کو پسند کرتا ہے جو حقوق العباد کا خیال رکھتے ہیں لہٰذا قربانی کے موقع پر اپنے غریب ہمسایوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو ضرور یاد رکھیں اور عید سادگی سے مناتے ہوئے جہاں تک ممکن ہو ان کی اعانت کریں تاکہ وہ بھی عید کی خوشیاں مناسکیں۔

چلتے چلتے کچھ باتیں تازہ شمارے کے حوالے سے، جسے ہم نے قارئین کے از حد اصرار پر اضافی صفحات کے ساتھ ایک خاص شمارے کی شکل دی ہے۔ ''مصالحہ ٹی وی فوڈ میگزین'' کے عیدالاضحیٰ اسپیشل میں مصالحہ کے شیفس کے بنائے گئے ایسے کھانوں کی 70 سے زائد ایسی تراکیب شائع کی ہیں جو عید کو مزیدار اور چٹ پٹا بنانے میں معاون ثابت ہوں۔ اتنا ہی نہیں بلکہ اس شمارے میں عیدالضحیٰ سے متعلق معلوماتی مضمون اور ضروری معلومات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اپنی اس کوشش میں ہم کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔ حسب دستور یہ جاننے کیلئے ہم آپ کے خطوط اور ای میلز کے منتظر رہیں گے۔

مصالحہ ٹی وی فوڈ میگزین کی پوری ٹیم اور میری جانب سے تمام قارئین کو عید کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں۔

ادارہ

چیف ایڈیٹر: سلطانہ صدیقی جوائنٹ ایڈیٹر : شازیہ انوار

ایڈیٹوریل اسسٹنٹ: نصر خان، سینئر ویژولائزر : سید جمیل احمد، ڈیزائنر : یوسف رضوی، فوٹوگرافی : احسن قریشی، حارث عثمانی

ایڈورٹائزنگ منیجر: منور حسین بھٹی munawar.h@masalatv.tv فون: 0333-3222353 ڈسٹری بیوٹر : رہبر نیوز ایجنسی 0333-2168390 پرنٹر : یونی پرنٹ

ہم نیٹ ورک لمیٹڈ: بلڈنگ نمبر 10/11، حسن علی اسٹریٹ، متصل آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000 یو اے این نمبر: 111-486-111

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں: shazia.anwar@hum.tv آن لائن خریداری کیلئے رابطہ کریں: http://www.masala.tv/masalamag

EDITORIAL

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

پاک سوسائٹی خاص کیوں ہیں:-

ہائی کوالٹی پی ڈی ایف

ایڈ فری لنکس

ایک کلک سے ڈاؤنلوڈ

ڈاؤنلوڈ اور آن لائن ریڈنگ ایک پیج پر

کتاب کی مُختلف سائزوں میں اپلوڈنگ

ناولز اور عمران سیریز کی مُکمل رینج

Click on http://paksociety.com to Visit Us

پاک سوسائٹی کو فیس بُک پر جوائن کریں http://fb.com/paksociety

پاک سوسائٹی کو ٹوئٹر پر جوائن کریں http://twitter.com/paksociety1

پاک سوسائٹی کو گُوگل پلس پر جوائن کریں https://plus.google.com/112999726194960503629

ہمیں وزٹ کرنے کے لئے ہمارا ویب ایڈریس براوزر میں لکھیں یا گُوگل میں پاک سوسائٹی تلاش کریں۔

اپنے دوست احباب اور فیملی کو ہماری ویب سائیٹ کا بتا کر پاکستان کی آن لائن لائبریری کا ممبر بنائیں۔

اِس خوبصورت ویب سائٹ کو چلانے کے لئے ہر ماہ کثیر سرمایہ درکار ہوتا ہے، اگر آپ مالی مدد کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے فیس بُک پر رابطہ کریں۔۔۔

ہمیں فیس بُک پر لائک کریں اور ہر کتاب اپنی وال پر دیکھنے کے لئے امیج پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں:-



http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com

www.paksociety.com

حج' زندگی میں تبدیلی کا نام ہے

اسلام چاہتا ہے کہ حج مومن کی زندگی میں نہ صرف تبدیلی لائے بلکہ فیصلہ کن موڑ بن جائے

تحریر: پروفیسر مفتی منیب الرحمن

لغت میں حج کے معنی ہیں کسی قابل تعظیم چیز کا قصد کرنا اور اصطلاح شریعت میں عبادت کی غرض سے بیت اللہ کے قصد کو حج کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" بیت اللہ کا حج کرنا لوگوں پر اللہ کا حق ہے' جو بھی وہاں تک پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو۔"

رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا" جو شخص سفر خرچ اور سواری پر قادر ہو' جس کے ذریعے وہ بیت اللہ تک پہنچ سکے اور اس کے باوجود وہ حج نہ کرے تو عملاً اس سے کوئی فرق نہیں کہ وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے۔"

سوال ہر ذہن میں اٹھ سکتا ہے کہ طویل اور تکلیف دہ سفر کر کے مسلمانوں کو ایک مقام پر جمع کرنے میں آخر کیا راز پنہاں ہے؟ سب لوگوں کو ان کا روایتی لباس اتروا کر دو چادریں پہنا دینے میں کیا مصلحت ہے؟ آخر اس میں کیا حکمت ہے کہ لاکھوں انسان دیوانہ وار پتھر کی ایک عمارت کے گرد چکر کاٹ رہے ہیں؟ دو پہاڑیوں کے درمیان دوڑ رہے ہیں؟ ایک خاص دن اور تاریخ کو ایک خاص مقام پر پورا شہر آباد ہوتا ہے اور شام کو اجڑ جاتا ہے۔ لاکھوں لوگ پتھروں کے علامتی ستون پر کنکریاں برسا رہے ہیں! ایک خاص مقام پر ایک ہی دن لاکھوں لوگ جمع ہو کر لاکھوں جانوروں کی قربانی پیش کرتے ہیں؟ آخر کیوں؟

دراصل یہ سارے انداز یہ بتاتے ہیں کہ حج معمول کے شب و روز کا نام نہیں بلکہ معمول کی زندگی کو ترک کر کے مجاہدانہ انداز سے مہاجرانہ زندگی (گپسی لائف) گزارنے کا نام ہے۔ ایک مخدود عرصے کیلئے لباس' رنگ' علاقائیت' زبان اور نسل کے تمام امتیازات کو کلی طور پر ترک کر دینے کا نام ہے۔ یہ سب کچھ دراصل امام الانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام' ان کے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور ان کی اہلیہ حضرت ہاجرہ کی اتباع کا نام ہے۔

حج عالمی اسلامی اخوت' وحدت واتحاد اور نظریاتی ہم آہنگی کے بھرپور مظاہرے اور اس عزم کے عملی اظہار کا نام ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے دین کا تقاضا ہوا تو ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنا سب کچھ اللہ کی راہ میں لٹانے کا عزم رکھتے ہیں اور حج اسی عزم مصمم کے اظہار کا نام ہے۔ اگر یہ "روح حج" ہمارے قلب و قالب میں صحیح معنی میں اتر گئی تو سمجھیں ہم نے مقصد حیات پالیا ورنہ محض مشقت سفر کے سوا اور حکم الٰہی کی ظاہری تعمیل کے سوا ہمارے ہاتھ کچھ نہ آیا۔

ہم جب عین بیت اللہ کی چوکھٹ کے سامنے سجدہ کر رہے ہوں تب بھی بیت اللہ ہمارا مسجود و معبود نہیں ہوتا' مسجود و معبود تو صرف اللہ کی ذات ہوتی ہے' بیت اللہ تو صرف "جہت سجدہ" ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے غالباً اس میں حکمت یہ مستور رکھی ہے کہ کعبے کو اپنے انوار و تجلیات کا مرکز بنا کر ہمیں اس کی جانب رخ کر کے نماز پڑھنے اور اس کے گرد طواف کرنے کا حکم دیا تاکہ ہم پر کعبے کی برکات کے طفیل اس کی رحمتوں' برکتوں اور انوار و تجلیات کا نزول ہو۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ ہماری عبادت کیلئے مرکزیت' ایک نقطہ ارتکاز توجہ ہوتا کہ ہم مختلف سمتوں کی جانب بھٹکنے سے محفوظ رہیں۔ اطراف عالم کے مسلمانوں میں ایک مثالی وحدت اور یک رنگی پیدا ہو جائے۔ حضور نبی پاک ﷺ نے اسی قبلے کو مومن کی شناخت اور پہچان کا وسیلہ قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا" جس نے ہماری طرح نماز پڑھی' ہمارے قبلے کی جانب عبادت میں رخ کیا اور ہمارا ذبیحہ کھایا تو وہ ظاہری علامات کے اعتبار سے مسلم ہے۔"

اسلام چاہتا ہے کہ حج مومن کی زندگی میں نہ صرف تبدیلی لائے بلکہ فیصلہ کن موڑ بن جائے۔ گناہوں کو ترک کر کے پاکیزہ زندگی گزارنے کا نقطہ آغاز ہو۔ بندہ اپنے رب سے شعوری طور پر ایک عہد و پیمان اور تجدید وفا کا عزم کرے کہ صرف سلا ہوا لباس ہی نہ اتارے' بلکہ گناہ کا وہ لباس بھی اتار پھینکے جس میں وہ سرتا پا جکڑا ہوا ہے۔ صرف دو سفید چادروں پر مشتمل اجلا لباس ہی نہ پہنے بلکہ ایمان و ایقان اور کردار کو بھی اتنا ہی صاف اور پاکیزہ بنا دے۔ اپنے آپ کو اپنی روح اور جسم کو بھی اسی فطرت سلیم کے سانچے میں ڈھال لے جس پر خالق نے اسے پہلے روز تخلیق فرمایا تھا۔ حج کا لباس یہ ظاہر کرتا ہے کہ انسان اپنے آپ کو گناہوں کی ان آلودگیوں سے دور کر کے جو معاشرے نے اس پر تھوپ دی ہیں فطرت سے قریب تر بلکہ اس کے عین مطابق ہو جائے۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا" جس نے خالص اللہ کی رضا کیلئے حج کیا اور اس دوران نہ تو شہوت رانی کی اور نہ ہی گناہ کیا تو وہ گناہوں سے ایسا پاک وصاف ہو کر لوٹے گا جیسے اپنی پیدائش کے دن گناہوں سے پاک تھا۔ ایسے ہی کامل و مکمل حج کو تاجدار انبیاء نے "حج مبرور" قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا" حج مبرور کی جزا جنت کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی۔"

اگر ہم نے حج سے یہ مقصد حاصل نہ کیا تو گویا ہم نے حج کی حقیقت کو سمجھا ہی نہیں۔ ایسی بے رخ عبادات صرف صورتاً عبادات ہوتی ہیں حقیقتاً نہیں۔ حج بنیادی طور پر مشقت کی عبادت ہے۔ اس کی یہ کیفیت آج سے ہزار سال پہلے بھی تھی اور آج بھی ہے۔ ماضی میں سفر کی صعوبتیں' زاد راہ کی دشواریاں' موسم کی ناگواریاں' نوکیلے پتھروں اور کانٹوں پر چلنا' پانی کی عدم دستیابی اور وسائل کی کمی وغیرہ تھی۔ آج مادی لحاظ سے زیادہ راحتیں بلکہ تعیشات موجود ہیں لیکن مشقت کی روح آج بھی موجود ہے۔ اس مشقت کا سب سے بڑا سبب انسانوں کا ہجوم' ان کی آسائشوں اور تعیشات کا دلدادہ ہونا' محنت و مشقت کا عادی نہ ہونا' جذبہ ایثار و قربانی کا فقدان اور صرف اپنی ذات اور اپنے مفادات کا اسیر ہونا ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ آج طواف' سعی اور رمی جمرات اور منیٰ میں حادثات پہلے سے بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ حاجی جب حج سے واپس آتے ہیں تو اُن کی زبان پر شکایات ہوتی ہیں۔ یہ طرز فکر و عمل اس لئے ہے کہ ہم ذہنی طور پر اس عمل کیلئے تیار ہو کر نہیں جاتے کہ ہم ایک سپاہی کی طرح "جپسی لائف" میں جا رہے ہیں اور ہمیں ایک بڑی مشقت کے عمل سے گزرنا ہے۔ راحت و آرام اور تعیش ہمارا مقصود و مطلوب نہیں ہے۔ اگر ہم ایسی سوچ لے کر جائیں تو پھر ہر بڑی تکلیف ہمیں چھوٹی نظر آئے اور ہمیں یہ احساس ہو کہ حج کیلئے اتنا بڑا اجر انہی تکلیف و مشقت کا انعام ہے۔ ■

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

آپ بھی بنا سکتے ہیں زبردست باربی کیو

قربانی کے گوشت کو محفوظ کرنے کیساتھ ساتھ باربی کیو بنانے کے حوالے سے شیف گلزار حسین کی اہم ٹپس



لوگ عیدالاضحیٰ کی آمد کے اس لئے بھی شدت سے منتظر رہتے ہیں کہ یہ عید کھانے پینے کے شائقین کے ذوق کی تسکین کا سامان کرتی ہے۔ قربانی کے گوشت سے طرح طرح کے پکوان بنائے جاتے ہیں اور باربی کیو کے مزے لوٹے جاتے ہیں۔ بقرعید کی مناسبت سے ''ہم مصالحہ'' کے مشہور شیف گلزار حسین مصالحہ ٹی وی فوڈ میگزین کے ذریعے قارئین کو قربانی کے گوشت کو محفوظ کرنے کیساتھ ساتھ باربی کیو بنانے کے حوالے سے رہنمائی فراہم کررہے ہیں۔ اُمید ہے کہ ہماری یہ کوشش قارئین کی عید کو مزید چٹخارے دار بنائے گی۔

عیدالاضحیٰ یا بقرعید پر سب سے بڑی پریشانی گوشت کو محفوظ کرنے کے حوالے سے ہوتی ہے۔ عام طور پر قربانی کے فوراً بعد گوشت کو ڈیپ فریزر میں رکھ دیا جاتا ہے تاکہ گوشت خراب نہ ہو لیکن یہ عمل گوشت کے ذائقے کو خراب کرنے کا سبب بنتا ہے۔ جب گوشت کٹ جائے تو اسے کم از کم 2 سے 3 گھنٹوں کیلئے ہوا میں رکھیں۔ جب گوشت تھوڑا سا سخت ہوجائے تو اسے ڈیپ فریزر میں رکھ دیں اس طرح سے گوشت کا ذائقہ خراب نہیں ہوتا۔

لوگ عام طور پر قربانی کے گوشت میں ایک مخصوص مہک آنے کی شکایت کرتے ہیں اور بہت سے لوگ اسی وجہ سے قربانی کا گوشت کھانے سے گریز بھی کرتے ہیں۔ اگر قربانی کے گوشت پر آنے کی مجوری لگا ایک گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ اس کے بعد گوشت دھوئیں اور پیکٹس بنا کر ڈیپ فریزر میں رکھ دیں یا پھر براہ راست استعمال کریں تو کسی بھی قسم کی بدبو نہیں آئے گی۔

اکثر عیدالاضحیٰ کے موقع پر باربی کیو بنایا جاتا ہے لیکن اکثر اوقات وہ آدھا کچا' آدھا پکا اور سوکھا ہوا بنتا ہے جس کی کئی وجوہات ہیں۔ اگر اچھا باربی کیو بنانا ہے تو کوئلے خریدنے سے لے کر باربی کیو بننے تک کچھ باتوں کا خیال رکھنا ہوگا۔ مثال کے طور پر انگیٹھی خریدنے جائیں تو اسے گہری انگیٹھی کا انتخاب کریں۔ خیال رکھیں کہ جو کوئلہ آپ خرید رہے ہیں وہ گیلا نہ ہو۔ ہمارے ہاں کوئلے جلانے کیلئے مٹی کے تیل یا پیٹرول کا استعمال عام ہے جو غلط ہے۔ اس طرح جلائے جانے والے کوئلے باربی کیو میں بدبو پیدا کردیتے ہیں۔ کوئلے جلانے کیلئے خشک کوئلوں کو ایک جگہ جمع کریں' اس کے نیچے کاغذ جلائیں' جب کوئلے جل اُٹھیں تو انہیں باقی کوئلوں پر پھیلا دیں۔ اگر پھر بھی ضرورت محسوس ہورہی ہے تو 2 سے 3 کوئلوں پر کھانے پکانے کا تیل ڈال لیں۔ اس بات کا خاص دھیان رکھیں کہ سیخیں کوئلے کے عین اُوپر نہ رکھی جائیں بصورت دیگر آپ کی سیخیں جل جائیں گی۔ سیخوں اور کوئلے کے درمیان میں کم از کم ایک فٹ کا فاصلہ ہونا چاہئے۔

باربی کیو بنانے کیلئے گوشت کو دو دن کو کم از کم ایک رات قبل میرینیڈ کرنے کیلئے چھوڑ دیں۔ اس میں کم از کم اتنی دہی ڈالیں کہ وہ پکاتے وقت تک گوشت کو نرم رکھے۔ جب بوٹیوں کو سیخوں پر لگائیں تو خیال رکھیں کہ وہ قریب قریب ہوں۔ بوٹیوں کو سمیٹ کر ایک جگہ کرنے کیلئے آپ ان پر دھاگہ بھی باندھ سکتے ہیں تاکہ انہیں آسانی سے پلٹا جاسکے۔ بوٹیوں کو ایک سائز کا رکھیں' ان میں سے لچھے نیچے نہیں گرنے چاہئیں۔ خیال رکھیں کہ کوئلے کی آنچ سیخوں پر اچھی طرح سے پڑے ورنہ سیخیں کہیں سے کچی رہ جائیں گی تو کہیں سے جل جائیں گی۔ ■

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

قربانی بنائیں آسان

عیدالاضحیٰ میں خواتین کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں'
ردا آفتاب بتاتی ہیں ان ذمہ داریوں کو سہل بنانے کی تراکیب



عیدالاضحیٰ مسلمانوں کا وہ تہوار ہے جو خوشیوں کیساتھ ساتھ خواتین کیلئے ذمہ داریوں کا تحفہ بھی لے کر آتا ہے۔ قربانی کے گوشت کو سنبھالنا' بانٹنا' پکانا اور پھر آنے جانے والوں کی خاطر مدارت جیسے سینکڑوں کام خواتین کے منتظر ہوتے ہیں' ایسے میں اگر تھوڑی سی سمجھ داری اور منصوبہ بندی سے کام لیا جائے تو مسائل کسی حد تک کم ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر قربانی کیلئے ضروری تیاریاں کر لیں۔ گوشت کے برتن اور حصے بنانے والے شاپنگ بیگ پہلے سے ہی قربانی کی جگہ پر لا کر رکھ لیں۔ گوشت پر مکھیاں فوراً آ جاتی ہیں' ململ کے کپڑے کو سرکے ملے پانی میں بھگوئیں' اسے نچوڑ کر گوشت پر ڈال دیجئے' مکھیاں نہیں آئیں گی۔

گوشت تقسیم کرنے کیلئے فہرست مرتب کر لیں۔ گوشت کے تین حصے کر لیں' اپنا حصہ علیحدہ رکھیں اور بقایا گوشت ہاتھ کے ہاتھ تھیلیوں میں ڈال لیں۔ اپنے لئے رکھنے والے گوشت کو تھیلیوں میں ڈالیں اور اس پر چٹ لگا دیں۔ یخنی' کبابوں' پسندوں' روسٹ اور قورمے کا گوشت علیحدہ علیحدہ کر کے رکھیں۔ لوڈشیڈنگ میں بجلی کی آنکھ مچولی سے گوشت خراب بھی ہو سکتا ہے اس لئے اسے فوراً تقسیم کر دیں۔ قربانی کے گوشت اور کلیجی میں ہلکی سی بو ہوتی ہے جس کی وجہ فوری قربان شدہ گوشت کا استعمال ہے۔ پکانے میں سب سے پہلے کلیجی کا نمبر آتا ہے' کلیجی کی بدبو دور کرنے کیلئے چند ثابت لہسن کے جوے کوٹ کر چھلکے سمیت کلیجی پر لگا کر تھوڑی دیر کیلئے رکھ دیں' پھر دھو کر پکا لیں۔ کلیجی کو ہلکی آنچ پر پکائیں' اسے زیادہ نہ بھونیں' زیادہ بھوننے سے اس کی غذائیت ختم ہو جاتی ہے۔ کلیجی میں نمک سب سے آخر میں ڈالیں۔

بہاری کباب یا پسندوں کیلئے گوشت کا بڑا ٹکڑا علیحدہ کر کے فریزر میں رکھ لیں' اسے حسب ضرورت پگھلا کر استعمال کریں۔ فریزر کو صاف کریں اور باریک پلاسٹک بچھا دیں تاکہ گوشت میں سے پانی اور خون نکل کر فریزر کو گندہ نہ کر دے۔

ایک پیالے میں تین کھانے کے چمچ میٹھا سوڈا ڈال کر فرج یا فریزر میں رکھ لیں' اس سے گوشت کی بدبو نہیں آئے گی۔ روسٹ یا ہنٹر بیف کیلئے رکھے جانے والے گوشت کو دھو کر اس پر مصالحہ لگائیں اور پھر فریز کر لیں۔ فریزر سے گوشت نکالتے ہی جما ہوا گوشت کبھی فوراً دیگچی میں نہ ڈالئے بلکہ اسے پگھلا کر پکائیں۔ اسی طرح فریز کیا ہوا کھانا نکالیں تو گرم کرنے کے بعد دوبارہ بچا ہوا کھانا فریزر میں نہ رکھیں' اسے فوری طور پر استعمال کر لیں۔

گوشت ہمیشہ ہلکی آنچ پر پکائیں۔ گوشت سخت ہو تو اسے گلانے کیلئے اس میں کچی چھالیہ کے 2 ٹکڑے' تھوڑا سا سرکہ' ادرک کا ٹکڑا' تھوڑا سا کچا پپیتا یا کچی انجیر میں سے کوئی ایک چیز ڈال کر ایک گھنٹے پہلے رکھ دیا جائے تو گوشت جلدی گل جاتا ہے۔

گوشت کی ہانڈی میں نمک زیادہ ہو جائے تو گوندھے ہوئے آٹے کی 3 یا 4 ٹکیاں بنا کر سالن میں ڈال دیں' نمک کم ہو جائے گا۔ اگر کھانے مرچ زیادہ ہو جائیں تو پریشان نہ ہوں' اس کا سارا تیل نتھار لیں دوسرا تیل ڈال لیں۔ اس کے علاوہ سبزی ڈالنے یا لیموں نچوڑنے سے بھی مرچ کی تیزی کم ہو جاتی ہے۔ گھر میں بنایا جانے والا روسٹ یا ہنٹر بیف جلدی خشک ہو جاتا ہے۔ ایک موٹا کپڑا لے کر اس کی چار تہہ کریں۔ اسے پانی میں بھگوئیں' پھر نچوڑ کر روسٹ یا ہنٹر بیف کو اس میں لپیٹ کر فرج میں رکھ دیں۔ اس طرح سے آپ کا روسٹ یا ہنٹر بیف کئی دن تک نرم رہے گا۔

امید ہے کہ درج بالا ٹپس آپ کی قربانی اور اس کے بعد کی مصروفیات کو سہل بنانے کا باعث بنیں گی۔ میری جانب سے تمام قارئین کو بہت بہت عید مبارک۔ ■

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

www.paksociety.com



عیدالاضحیٰ، مختلف دیسوں کے مختلف پکوان

دنیا بھر میں عید قرباں کے موقع پر خاندان کے کسی بزرگ کے گھر جمع ہو کر روایتی کھانوں کو لطف لیا جاتا ہے

تحریر: نیر رباب

عربی زبان میں عید الکبیر 'عید الاضحیٰ' کو کہا جاتا ہے جسے ہم آسان اردو میں بڑی عید کہتے ہیں۔ اس عید کے اور بھی نام ہیں جیسے کہ عید قرباں اور بقر عید جسے بہت سے لوگ بکرا عید بھی کہتے ہیں۔ یہ عید حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کے اللہ کے حکم پر لبیک کہنے کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ ہر سال تمام دنیا کے مسلمان اس واقعے کی یاد میں بقر عید مناتے ہوئے دنبے، بکرے، گائے یا اونٹ کی قربانی کرتے ہیں اور مزیدار کھانے بناتے، کھاتے اور کھلاتے بھی جاتے ہیں۔ خاندان کے سب ہی افراد کسی بڑے بزرگ کے گھر میں جمع ہوتے ہیں اور قدیم روایتی کھانوں کا مزا لیتے ہیں جو صرف دادیاں یا نانیاں ہی بنایا کرتی ہیں۔ یہ رسم و رواج صرف پاکستان میں ہی نہیں ہے بلکہ پوری دنیا میں عید کے دن ایسا ہی ہوتا ہے۔ مثلاً مصر میں بقر عید کی خاص ڈش "فتاح" ہے جو چاول، روٹی، گوشت کے پارچوں اور لہسن سے بنائی جاتی ہے جبکہ صبح ناشتے [illegible] کی چکور ٹکیاں [illegible] کھائی جاتی ہے۔ [illegible] عثمانی دور میں [illegible] زیر حکومت تھے وہاں سویوں سے ایک میٹھا بنایا جاتا ہے جسے کنافہ کہتے ہیں [illegible] کو بھون کر کریم چیز میں ملا دیا جاتا ہے۔ اس چیز کیک کو شہد یا شیرہ ڈال کر [illegible] سے سجا کر پیش کر دیا جاتا ہے۔ یہ چیز کیک عثمانی دور حکومت کی ایجاد ہے۔

ایران میں بقر عید کی خاص ڈش "شووا" ہے جو عام طور پر عید کے دوسرے یا تیسرے دن کھائی جاتی ہے کیونکہ اس میں سالم بھیڑ یا بکرے کو مصالحہ لپیٹ کر زمین میں دبا دیا جاتا ہے اور اس پر انگارے رکھ دیے جاتے ہیں۔ اس کا گوشت دیگچی میں [illegible] جاتا ہے۔ اس ڈش کے تیار ہونے میں 18 سے 24 گھنٹے لگتے ہیں۔ شووا سادے چاولوں اور ٹماٹر، پیاز، کھیرے اور لیموں کے بچومر سلاد کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ [illegible] ایران [illegible] اور [illegible] میں گوشت کو ہضم کرنے کیلئے وہی، تازہ پودینے، کھیرے اور [illegible] سے ایک خاص [illegible] مراکش میں بھیڑ یا بکرے کے گوشت کو مصالحے لگا کر اوون میں روسٹ کیا جاتا ہے۔ جب گوشت خوب نرم ہو جاتا ہے تو اسے اوون سے نکال کر اس پر شہد ڈال دیا جاتا ہے۔ اس ڈش کا ذائقہ اتنا مزیدار ہوتا ہے کہ بس انگلیاں چاٹتے رہ جائیں اب اس ڈش کو چاول کے ساتھ کھائیں، روٹی کے ساتھ یا صرف سلاد کے ساتھ یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

ایران ہی میں بہت شوق سے کھایا جاتا ہے بھیڑ یا بکرے کے گوشت میں بنایا گیا "فسنجان" جس میں انار کا پیسٹ اور پسے ہوئے اخروٹ شامل کیے جاتے ہیں۔ اس ڈش میں گوشت کو ہلکی آنچ پر کئی گھنٹے تک پکایا جاتا ہے جس کی وجہ سے گوشت انتہائی نرم ہو جاتا ہے جبکہ اخروٹ کی چکنائی نکل کر [illegible] ہے۔ فسنجان کو زعفرانی چاولوں اور سلاد کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

بقر عید کے موقعے پر دنیا میں ہر جگہ ایک کام ضرور کیا جاتا ہے اور وہ ہے باربی کیو پارٹی۔ چاہے دوستوں کی ہو یا فیملی کی، گھر کی چھت پر کی جائے یا صحن میں۔ کوئلے کی دھیمی دھیمی آنچ پر پکے ہوئے بیف کباب ہوں، شاشلک ہو، بوٹی کباب ہو یا ملائی کباب یا کافتہ کباب بہت مزا دیتے ہیں اگر ساتھ ہو پودینے کی چٹنی، املی کی چٹنی، تل کی چٹنی یا لہسن مرچ کی چٹنی تو مزہ دوبالا ہو جاتا ہے!!! ■

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

مصالحہ کی جانب سے قارئین کو عیدالاضحیٰ مبارک

عیدالاضحیٰ ایک ایسا مذہبی تہوار ہے جس میں عبادت کیساتھ حقوق العباد کو نبھانے کا موقع بھی ملتا ہے۔ اس عید پر عزیزوں' رشتہ داروں' ہمسایوں' غریبوں اور مستحقین کو قربانی کے گوشت کی تقسیم کے عمل کیساتھ ساتھ دعوتوں کا سلسلہ بھی دراز ہوتا ہے۔ ہر کسی کی کوشش ہوتی ہے کہ دعوت کے مہمانوں کو روایتی کھانوں کیساتھ نئے پکوان بھی پیش کیے جائیں۔ اپنے قارئین کی اسی خواہش کو نظر میں رکھتے ہوئے مصالحہ ٹی وی فوڈ میگزین کے زیر نظر شمارے میں عیدالاضحیٰ کی مناسبت سے ہم مصالحہ کے شیفس کے مزیدار اور چٹ پٹے کھانوں کی کی تراکیب شامل کی گئی ہیں جو یقیناً قارئین کے عید کی رونق کو دوبالا کرنے کا سبب بنیں گی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



Leg Roast

Ingredients:

Muttan leg	2 kg
Yogurt (whipped)	½ kg
Ginger paste, raw papaya paste	3 tbsp each
Black pepper (crushed)	5 tbsp
Lemon juice	5 tbsp
Soya sauce	1 tbsp
White vinegar	1 cup
Carnflaur, water	2 tbsp each
Salt	to taste
Oil	2 tbsp
Lettuce leaves	for decaratian
Patatoes (boiled and fried)	as accompaniment

Method:

- Break mutton leg bane in half and make deep cuts with a knife an meat.
- Marinate with yagurt, ginger, vinegar, papaya and salt, pierce with a fork and put aside for 2 hours.
- Caak in a wide pot with the lid an.
- When leg is tender add half the leman juice.
- Mix oil, water, carnflaur, saya sauce, remaining leman juice, black pepper and salt and caak till it thickens.
- Paur it an the mutton leg and put an dum for 10 minutes.
- Decorate dish with lettuce leaves, place leg roast an it and serve with patatoes.

لیگ روسٹ

اجزا:

بکرے کی ران	2 کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	½ کلو
پسی ہوئی ادرک' پسا ہوا کچا پپیتا	3'3 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی کالی مرچ	2 کھانے کے چمچے
لیموں کا رس	5 کھانے کے چمچے
سویا ساس	ایک کھانے کا چمچہ
سفید سرکہ	ایک پیالی
کارن فلور' پانی	2'2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	2 کھانے کے چمچے
سلاد پتے	سجانے کیلئے
آلو (اُبلے اور تلے ہوئے)	ہمراہ پیش کرنے کیلئے

ترکیب:

ران کی ہڈی توڑیں اور چھری سے گہرے نشان لگالیں۔ اس پر دہی' ادرک' سرکہ' پپیتا اور نمک ملائیں اور کانٹے سے گود کر 2 گھنٹوں کیلئے رکھ دیں۔ اسے ایک بڑے منہ کی دیگچی میں ڈھکن ڈھانک کر پکائیں۔ ران گل جائے تو ½ لیموں کا رس ملالیں۔ ساس پین میں تیل' پانی' کارن فلور' سویا ساس' باقی لیموں کا رس' کالی مرچ اور نمک ملا کر گاڑھا ہونے تک پکائیں۔ اسے ران پر ڈالیں اور 10 منٹ کیلئے دم پر رکھ دیں۔ ڈش کو سلاد پتے سے سجا کر روسٹ رکھیں اور آلو کے ہمراہ پیش کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com





Hardi

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Qeema Ghotala

Ingredients:

Minced beef	½ kg
Yogurt (whipped)	125 grams
Raw papaya paste	2 tbs
Yogurt malai	2 tbsp
Red chilli powder	1 tbsp
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Tandaari masala (packaged)	2 tbsp
Green chillies (finely cut)	2
Lemon juice	4 tbsp
Fresh coriander (chopped)	1 bunch
Salt	to taste
Oil	½ cup+2 tbsp
Fresh coriander, lemon (half cut)	for garnishing

Method:

- Mix 2 tbsp oil and all the ingredients in minced meat and put aside for half an hour.
- Heat oil in pot, add minced meat and fry well.
- Transfer in a dish. Garnish with fresh coriander and lemon. Serve.

قیمہ گھوٹالا

اجزاء:

گائے کا قیمہ	½ کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	125 گرام
پیا ہوا کچا پپیتا	2 کھانے کے چمچے
دہی کی بالائی	2 کھانے کے چمچے
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پیا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
پیکٹ والا تندوری مصالحہ	2 کھانے کے چمچے
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
لیموں کا رس	4 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	ایک گڈی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی+2 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا، لیموں (آدھا کٹا ہوا)	سجانے کیلئے

ترکیب:

قیمے میں 2 کھانے کے چمچے تیل اور باقی اجزاء ملا کر ½ گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ دیگچی میں تیل گرم کریں اس میں قیمہ ڈال کر خوب بھونیں اور ڈش میں نکال لیں۔ مزید ار قیمہ ہرے دھنئے اور لیموں سے سجا کر پیش کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com





پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Mutton Stew

Ingredients:

Mutton pieces	½ kg
Onion (finely cut)	4
Yagurt (whipped)	½ cup
Dried, round red chillies	8
Gorlic (whole)	6 claves
Ginger (finely cut)	2 tbsp
Fennel seed	1 tsp
Coriander	1 tbsp
Turmeric powder	1 tsp
Hat spices	1 tbsp
Dried manga slices	4
Green chillies	4
Curry leaves	10
Salt	ta taste
Oil	1 cup

Method:

- Heot oil in o pot ond fry onion lightly till it chonges colour and remave.
- Add meot, turmeric powder ond solt in the same pot ond cook till water dries.
- Fry meat and add anian and all the ather ingredients. Put it on dum.
- When oil seporates, transfer in a dish and serve.

مٹن اسٹو

اجزاء:

بکرے کا گوشت	½ کلو
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	4عدد
دہی (پھینٹی ہوئی)	1/2 پیالی
سوکھی گول لال مرچیں	8عدد
لہسن (ثابت)	6 جوے
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے
سونف	ایک چائے کا چمچہ
ثابت دھنیا	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
ثابت گرم مصالحہ	ایک کھانے کا چمچہ
امچور	4عدد
ہری مرچیں	4عدد
کڑھی پتے	10عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی

ترکیب:

دیگچی میں تیل گرم کریں اور پیاز ہلکی گلابی کر کے نکال لیں۔ اسی دیگچی میں گوشت ہلدی اور نمک ملا کر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اسے بھون کر پیاز سمیت باقی تمام اجزاء ملائیں اور دم رکھ دیں۔ تیل اُوپر آجائے تو ڈش میں نکالیں اور گرما گرم پیش کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com





Handi

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Nargisi Meatball

Ingredients:

Eggs (hard boiled)	8
Minced beef (without fat)	1 kg
Egg (beaten)	1
Onions (fried)	2
*Ground Masala	as required

Gravy Ingredients:

Red chilli powder	1 tbsp
Hot spices powder	1 tsp
Yogurt	½ cup
Onions (finely cut)	3
Coriander powder	2 tbsp
Green cardamoms	4
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Salt	to taste
Oil	1 cup

Method:

- Boil half minced meat and put aside remaining portion.
- Blend both with ground masala in blender and add egg.
- Spread a little minced meat on palm, place an egg on it and roll. Repeat process.
- Heat oil in a wok and fry meatballs.
- Heat oil in a pot, fry onion and spread it on absorbing paper.
- Mix all other gravy ingredients with yogurt and pour in pot.
- Save some onions and add remaining onion with hand crushed.
- Fry masala and add meatballs with 1 cup of warm water.
- When oil separates, put it on dum.
- Halve the meatballs and transfer on a dish.
- Garnish with fried onion and serve.

*Note: 2 tbsp poppy seeds, 1 tsp cumin seeds, 6 roasted almonds, 8 black peppercorns, 2 tbsp roasted chickpeas, 1 tsp black cumin seeds, 8 green cardamoms, 1 tsp red chilli powder and salt to taste.

نرگسی کوفتے

اجزاء:

انڈے (سخت ابلے ہوئے)	8 عدد
گائے کا بغیر چربی والا قیمہ	ایک کلو
انڈا (پھینٹا ہوا)	ایک عدد
پیاز (تلی ہوئی)	2 عدد
☆ پسا ہوا مصالحہ	حسب ضرورت

سالن کے اجزاء

پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچہ
دہی	½ پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	3 عدد
پسا ہوا دھنیا	2 کھانے کے چمچے
چھوٹی الائچیاں	4 عدد
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی

ترکیب:

½ قیمے کو ابالیں باقی کچا رہنے دیں، دونوں کو ملا کر پسے ہوئے مصالحے کیساتھ بلینڈ کریں اور انڈہ ملا لیں۔ تھوڑا سا قیمہ ہتھیلی پر پھیلا کر درمیان میں ایک انڈا رکھ کر لپیٹیں۔ باقی انڈوں کیساتھ اس عمل کو دہرائیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور کوفتے تل لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کریں اور پیاز تل کر جاذب کاغذ پر پھیلا دیں۔ دہی میں سالن کے باقی اجزاء ملا کر دیگچی میں ڈال دیں۔ تھوڑی سی پیاز بچا لیں اور باقی ہاتھ سے مسل کر دیگچی میں ڈالیں۔ مصالحے کو بھون کر کوفتے اور ایک پیالی گرم پانی ملا دیں۔ تیل اوپر آجائے تو دم پر لگا دیں۔ کوفتے درمیان سے 2 ٹکڑے کر کے ڈش میں رکھیں اور تلی پیاز سے سجا کر پیش کریں۔

نوٹ: 2 کھانے کے چمچ خشخاش، ایک چائے کا چمچ ثابت سفید زیرہ، 6 بھنے بادام، 8 ثابت کالی مرچیں، 2 کھانے کے چمچ بھنے ہوئے چنے، ایک چائے کا چمچ ثابت کالا زیرہ، 8 چھوٹی الائچیاں، ایک چائے کا چمچ پسی ہوئی لال مرچ اور حسب ذائقہ نمک ملا کر پیس لیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com




WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام پر موجود آل ٹائم بیسٹ سیلرز:-








































www.paksociety.com





پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Pasanday ka Qorma

Ingredients:

Beef pasanday	½ kg
Raw papaya paste	1 tbsp
Yogurt (whipped)	1 cup
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Onions (finely cut)	3
Degi red chillies	4
White vinegar	1 tsp
Coriander seeds	2 tbsp
Hot spices powder	1 tsp
Salt	to taste
Oil	1 cup

Dum ingredients:

Green cardamoms	4
Almonds	6
Poppy seeds	1 tbsp
Black cumin seeds	1 tsp

Method:

- Blend dum ingredients in a blender.
- Lightly crush pasanday with a mallet and marinate with raw papaya paste, put aside for half an hour.
- Boil red chillies in a little water and vinegar and blend with coriander in blender.
- Heat oil in a pot and mix yogurt, ginger/garlic paste, red chilli mixture, onions and salt, cook till water dries.
- Then fry and add hot spices powder, cook on low flame till oil separates.
- Add dum ingredients in it and put it on dum for 10 minutes.

پسندے کا قورمہ

اجزاء:

گائے کے پسندے	½ کلو
پسا ہوا کچا پپیتا	ایک کھانے کا چمچہ
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	3 عدد
دیگی لال مرچیں	4 عدد
سفید سرکہ	ایک چائے کا چمچہ
ثابت دھنیا	2 کھانے کے چمچے
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پیالی

دم کے اجزاء:

چھوٹی الائچیاں	4 عدد
بادام	6 عدد
خشخاش	ایک کھانے کا چمچہ
ثابت کالا زیرہ	ایک چائے کا چمچہ

ترکیب:

بلینڈر میں دم کے اجزاء یکجان کرلیں۔ پسندوں کو کسی بھاری چیز کی مدد سے ہلکا ہلکا کچلیں اور پپیتا لگا کر ½ گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ لال مرچوں کو تھوڑے سے پانی اور سرکے کیساتھ اُبالیں پھر دھنیے کے ہمراہ پیس لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کرکے دہی، لہسن ادرک، پسی ہوئی لال مرچیں، پیاز اور نمک ڈالیں اور پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ پھر بھونیں اور گرم مصالحہ ڈال کر ہلکی آنچ پر تیل اوپر آنے تک پکائیں۔ اس میں دم کے اجزاء ڈال 10 منٹ کیلئے دم پر رکھ دیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Pepper Mutton Masala

Ingredients:

Mutton pasanday	½ kg
Yagurt (whipped)	1 cup
Raw papaya paste	1 tbsp
Black pepper (crushed)	1 tbsp
Ginger paste	2 tbsp
Green chillies (finely cut lengthwise)	8
Lemon juice	4 tbsp
Salt	to taste
Oil	½ cup
Fresh coriander (finely cut)	for garnishing

Method:

- Lightly crush pasanday with a mallet, marinate with raw papaya paste and put aside for 1 hour.
- Cook pasanday with yogurt and salt till water dries.
- Heat oil in frying pan, fry pasanday and then add in the pot.
- Add remaining ingredients and put on dum.
- Garnish pasanday with fresh coriander and serve.

پیپر مٹن مصالحہ

اجزاء:

بکرے کے پسندے	½ کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
پسا ہوا کچا پپیتا	ایک کھانے کا چمچ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی ادرک	2 کھانے کے چمچ
ہری مرچیں (لمبائی میں باریک کٹی ہوئی)	8 عدد
لیموں کا رس	4 کھانے کے چمچ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	سجانے کیلئے

ترکیب:

پسندوں کو کسی بھاری چیز کی مدد سے ہلکا سا کچل لیں۔ اُن پر پپیتا لگا کر ایک گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ دیگچی میں پسندے دہی اور نمک ڈال کر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کرکے پسندوں کو بھونیں پھر دوبارہ دیگچی میں ڈالیں۔ اس میں باقی تمام اجزاء ملا کر دم پر رکھ دیں۔ مزیدار پسندے ہرے دھنیے سے سجا کر پیش کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Mutton Jalfrezi

Ingredients:

Mutton pieces	½ kg
Onion (row paste)	2
Capsicum (cubed)	2
Onions (cubed)	2
Green chillies (cut lengthwise)	4
Black pepper (crushed)	1 tsp
Cumin seeds (roasted and powdered)	1 tsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Ginger/ garlic paste	1 tbsp
White vinegar	2 tbsp
Soya sauce	2 tbsp
Chilli sauce	2 tbsp
Tomato ketchup	1 cup
Salt	to taste
Sesame oil	1 tsp
Oil	2 tbsp + ½ cup

Method:

- Heat oil in wok, fry onion paste lightly and add meat, ginger/garlic paste, cumin seeds, salt and cook.
- When water dries, add red chillies, soya sauce, vinegar, chilli sauce and black pepper and fry.
- Add tomato ketchup and remove from flame.
- Heat 2 tbsp oil in frying pan, fry capsicum, green chillies, and onion, then add in meat.
- Add sesame oil and put it on dum for 5 minutes, and serve.

مٹن جلفریزی

اجزاء:


بکرے کا گوشت	½ کلو
پیاز (پسی ہوئی)	2 عدد
شملہ مرچیں (چوکور کٹی ہوئی)	2 عدد
پیاز (چوکور کٹی ہوئی)	2 عدد
ہری مرچ (لمبائی میں کٹی ہوئی)	4 عدد
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
بھنا اور پسا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
سویا ساس	2 کھانے کے چمچے
چلی ساس	2 کھانے کے چمچے
ٹماٹو کیچپ	ایک پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تل کا تیل	ایک چائے کا چمچہ
تیل	2 کھانے کے چمچے + ½ پیالی

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کرکے پسی ہوئی پیاز ہلکی گلابی کریں پھر گوشت، لہسن ادرک، زیرہ اور نمک ملا کر پکائیں۔ پانی خشک ہوجائے تو لال مرچ، سویا ساس، سرکہ، چلی ساس اور کالی مرچ ملا کر بھونیں پھر ٹماٹو کیچپ ملا کر چولہا بند کردیں۔ فرائنگ پین میں 2 کھانے کے چمچے تیل گرم کریں اس میں شملہ مرچ، ہری مرچ اور پیاز تل کر گوشت میں شامل کردیں پھر تل کا تیل ملا کر 5 منٹ کیلئے دم پر رکھ دیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Madrasi Gosht

Ingredients:

Mutton pieces	1 kg
Desiccated coconut	3 tbsp
Ginger/ garlic paste	2 tbsp
Yogurt (whipped)	1 cup
Onion (paste)	1 cup
Poppy seed	2 tsp
Mustard seed	1 tsp
Coriander powder	1 tsp
Turmeric paste	1 tbsp
Red chilli paste	2 tbsp
Fenugreek seed	½ tsp
Cumin seed	½ tsp
Curry leaves	8
Lemon juice	2 tbsp
Tamarind pulp	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	½ cup + 1 tbsp

Method:

- Heat oil in a pot, add mustard, fenugreek and cumin seeds and fry, then add onion, ginger/garlic paste and cook for a few minutes.
- Add meat and fry for a few minutes. Then add yogurt, coconut, little water and fry again.
- Add red chilli paste, turmeric paste, poppy seed, coriander and salt and cook.
- When it becomes tender add tamarind pulp and lemon juice and transfer in a dish.
- Heat 1 tbsp oil in frying pan and fry curry leaves, pour on dish.

مدراسی گوشت

اجزاء:

بکرے کا گوشت	ایک کلو	ثابت سفید زیرہ	½ چائے کا چمچ
پسا ہوا ناریل	3 کھانے کے چمچ	کڑھی پتے	8 عدد
پسا ہوا لہسن ادرک	2 کھانے کے چمچ	لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچ
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی	املی کا گودا	2 کھانے کے چمچ
پیاز (پسی ہوئی)	ایک پیالی	نمک	حسب ذائقہ
خشخاش	2 چائے کے چمچ	تیل	½ پیالی + ایک کھانے کا چمچ
رائی دانے	ایک چائے کا چمچ		
پسا ہوا دھنیا	ایک چائے کا چمچ		
ہلدی کا پیسٹ	ایک کھانے کا چمچ		
لال مرچوں کا پیسٹ	2 کھانے کے چمچ		
میتھی دانے	½ چائے کا چمچ		

ترکیب:

دیگچی میں تیل گرم کر کے رائی، میتھی اور زیرہ بھونیں، پھر پیاز اور لہسن ادرک ملا کر چند منٹ تک پکائیں۔ اس میں گوشت ڈال کر چند منٹ تک بھونیں۔ اس میں دہی، ناریل اور تھوڑا سا پانی ملا کر بھونیں، پھر لال مرچوں کا پیسٹ، ہلدی کا پیسٹ، خشخاش، دھنیا اور نمک ڈال کر پکائیں۔ گوشت گل جائے تو املی کا گودا اور لیموں کا رس ملا کر ڈش میں نکالیں۔ فرائنگ پین میں ایک کھانے کا چمچ تیل گرم کریں اور کڑھی پتے تل کر ڈش میں شامل کردیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Fried Dhaga Kebab

Ingredients:

Minced beef	½ kg
Kidney fat	100 grams
Garlic (chopped)	2 cloves
Ginger (chopped)	2 inch piece
Red chilli powder	1 tbsp
Onion (finely cut)	1
Onion (fried)	1
Hot spices powder	1 tbsp
Nutmeg and mace powder	½ tsp
Cumin seeds (crushed)	1 tsp
Green chillies (chopped)	3
Fresh coriander (chopped)	¼ bunch
Raw papaya paste	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	2 tbsp
Lettuce leaves, tomatoes	for decoration

Method:

- Chop all the ingredients except butter, nutmeg and mace powder in a chopper.
- Pierce mixture on wooden skewers and wind with thread.
- Barbecue on coal and remove.
- Heat butter in frying pan. Remove thread from kebab and add to frying pan, add nutmeg and mace and then fry on high flame.
- Transfer in a dish, decorate with lettuce leaves and tomatoes and serve.

فرائیڈ دھاگا کباب

اجزاء:

گائے کا قیمہ	½ کلو
گردے کی چربی	100 گرام
لہسن (چوپ کیا ہوا)	2 جوے
ادرک (چوپ کیا ہوا)	2 انچ کا ٹکڑا
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
پیاز (تلی ہوئی)	ایک عدد
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی جائفل جاوتری	½ چائے کا چمچہ
کٹا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	3 عدد
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	¼ گڈی
پسا ہوا کچا پپیتا	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	2 کھانے کے چمچے
سلاد پتے ٹماٹر	سجانے کیلئے

ترکیب:

چوپر میں مکھن اور جائفل جاوتری کے علاوہ باقی تمام اجزاء یکجان کر لیں۔ اس آمیزے کو سیخوں پر لگائیں اور دھاگہ لپیٹ لیں۔ انہیں کوئلے پر سینک کر اتار لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں۔ کبابوں کا دھاگہ کھول کر اس میں ڈالیں اور جائفل جاوتری ملا کر تیز آنچ پر بھون لیں۔ مزیدار کباب سلاد پتے اور ٹماٹر سے سجا کر پیش کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Bihari Dum Gosht

Ingredients:

Pasanday	½ kg
Yogurt (whipped)	100 grams
Raw papaya paste	3 tbsp
Onion (fried, paste)	1
Ginger/garlic paste	2 tbsp
Cumin seeds (roasted, crushed)	1 tbsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Hot spices powder	1 tsp
Turmeric powder	½ tsp
Chickpeas (roasted and blended)	4 tbsp
Salt	to taste
Mustard oil	4 tbsp
Lemon, lettuce leaves, onion	as accompaniment

Method:

- Mix all the ingredients thoroughly in a bowl and put aside for 2 hours.
- Pour mixture in a wok and cook on medium flame
- When meat is tender place a cup with burnt coal in the middle of wok and put a few drops of oil on it, cover with lid.
- Transfer on a dish and serve with lemon, lettuce leaves and onions.

بہاری دَم گوشت

اجزاء:

پسندے	½ کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	100 گرام
پسا ہوا کچا پپیتا	3 کھانے کے چمچے
پیاز (تلی اور پسی ہوئی)	ایک عدد
پسا ہوا لہسن ادرک	2 کھانے کے چمچے
بھنا اور کٹا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچہ
چنے (بھنے اور پسے ہوئے)	4 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
سرسوں کا تیل	4 کھانے کے چمچے
لیموں، سلاد پتے اور پیاز	ہمراہ پیش کرنے کیلئے

ترکیب:

ایک پیالے میں تیل کے علاوہ باقی اجزاء اچھی طرح سے ملائیں اور اسے کم از کم 2 گھنٹوں کیلئے رکھ دیں۔ پیالے کا آمیزہ کڑاہی میں ڈالیں اور درمیانی آنچ پر پکائیں۔ گوشت گل جائے تو اس کے درمیان میں ایک پیالی رکھیں اور اس پر جلتا ہوا کوئلہ رکھ کر چند قطرے تیل ٹپکائیں اور ڈھکن ڈھانک دیں۔ مزیدار بہاری دم گوشت ڈش میں نکالیں۔ اسے لیموں اور سلاد پتے اور پیاز کے ہمراہ پیش کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Brain Green Masala

Ingredients:

Mutton brain	2
Tamatoes (chapped)	2
Claves (crushed)	½ tsp
Cinnaman (crushed)	1 tsp
Block cordomoms (crushed)	1 tbsp
Green cordomoms (crushed)	1 tsp
Red chilli (crushed)	2 tbsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Cariander (roasted, crushed)	1 tbsp
Cumin seed (roasted, crushed)	1 tbsp
Turmeric powder	1 tsp
Ginger/ garlic (chopped)	3 tbsp
Fresh cariander	1 bunch
Green chillies	10
Mint leoves	1 bunch
Salt	to toste
Oil	½ cup
Ginger, green chillies, fresh cariondor	for gornishing

Method:

- Bail water with turmeric powder. Boil brain in it for few minutes, sieve and then paur cald water an it.
- Blend fresh cariander, mint leaves and green chillies in a blender.
- Heot ail in a pot, fry ginger/ gorlic poste till golden. Add claves, cinnaman, black and green cardamams, black pepper, cumin seed, cariander, red chilli ond salt, coak far 2 minutes.
- Add tomataes ond blended mixture, crush spices and fry.
- Add broin ond caok till oil separates and transfer in a dish.
- Gornish with ginger, green chillies and fresh cariander, ond serve.

مغز ہرا مصالحہ

اجزاء:

بکرے کے مغز	2 عدد
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے)	2 عدد
کٹی ہوئی لونگ	½ چائے کا چمچ
کٹی ہوئی دار چینی	ایک چائے کا چمچ
کٹی ہوئی بڑی الائچی	ایک کھانے کا چمچ
کٹی ہوئی چھوٹی الائچی	ایک چائے کا چمچ
کٹی ہوئی لال مرچ	2 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
بھنا اور کٹا ہوا دھنیا	ایک کھانے کا چمچ
بھنا اور کٹا ہوا سفید زیرہ	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچ
لہسن ادرک (چوپ کیا ہوا)	3 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا	ایک گڈی
ہری مرچیں	10 عدد
پودینہ	ایک گڈی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی
ادرک، ہری مرچ اور ہرا دھنیا سجانے کیلئے	

ترکیب:

اُبلتے ہوئے پانی میں ہلدی ڈالیں، اس میں مغز چند منٹ اُبال کر چھلنی میں نکالیں، اس پر ٹھنڈا پانی ڈال کر رکھ لیں۔ بلینڈر میں ہرا دھنیا، پودینہ اور ہری مرچیں یکجان کر لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کر کے لہسن ادرک سنہری کریں، پھر لونگ، دار چینی، بڑی اور چھوٹی الائچیاں، کالی مرچ، زیرہ، دھنیا، لال مرچ اور نمک 2 منٹ تک پکائیں۔ اس میں ٹماٹر اور پسا ہوا مصالحہ ڈال کر بھونیں، پھر مغز ملا کر تیل علیحدہ ہونے تک پکائیں اور ڈش میں نکالیں۔ اسے ادرک، ہری مرچ اور ہرے دھنیے سے سجا دیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Tandoori Pasanday

Ingredients:

Pasanday	½ kg
Yagurt (whipped)	100 groms
Onian (fried,paste)	1
Hat spices powder	1 tsp
Cumin seed	1 tsp
Poppy seed (pawdered)	1 tbsp
Red chilli (crushed)	1 tbsp
Turmeric pawder	½ tsp
Chickpeas (raasted)	4 tbsp
Ginger/ garlic poste	2 tbsp
Row papaya paste	3 tbsp
Salt	to taste
Mustord oil	4 tbsp
Lettuce leaves, cucumber, tomotoes	for decorotion

Method:

- Mix all the ingredients in meat and put aside for 2 hours.
- Pierce meat an skewers ond borbecue, or use barbecue sticks and caok in aven.
- Decarate tandaari pasanday with lettuce leaves, cucumber, tomotoes ond serve.

تندوری پسندے

اجزاء:

پسندے	½ کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	100 گرام
پیاز (تلی اور پسی ہوئی)	ایک عدد
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچ
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچ
خشخاش (پسی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچ
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچ
بھنے ہوئے چنے	4 کھانے کے چمچ
پسا ہوا لہسن ادرک	2 کھانے کے چمچ
پسا ہوا کچا پپیتا	3 کھانے کے چمچ
نمک	حسب ذائقہ
سرسوں کا تیل	4 کھانے کے چمچ
